Al-Islam.org
Ahlul Bayt Digital Islamic Library Project
Published on *Al-Islam.org* (https://www.al-islam.org)

کتاب جهاد

س۱۰۷۳۔ امام معصوم (ع) کی غیبت کے زمانہ میں ابتدائی جهاد کا کیا حکم ہے ؟ اور کیا فقیہ جامع الشرائط اور نافذ کلمہ (ولی امر مسلمین) کے لئے جائز ہے کہ جهاد کا حکم دے؟

ج۔ بعید نہیں کہ وہ جامع الشرائط مجتهد جو ولی امر مسلمین ہو جب یہ سمجهے کہ مصلحت کا تقاضہ یهی ہے تو جهاد ابتدائی کے جواز کا حکم دیدے بلکہ یہ قول اقوئ ہے ۔

س۱۰۷۴۔ جب اسلام خطرے میں ہو تو والدین کی اجازت کے بغیر اسلام کے دفاع کے لئے اٹھ کهڑے ہونے کا کیا حکم ہے ؟

ج۔ اسلام و مسلمین کا دفاع واجب ہے اور والدین کی اجازت پر موقوف نہیں ہے لیکن اس کے باوجود جهاں تک ہوسکے والدین کی رضا حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

س۱۰۷۵۔ کیا ان اهل کتاب پر ، جو اسلامی ملکوں میں زندگی گزارتے ہیں ، کافر ذمی کا حکم جاری ہوگا؟

ج۔ جب تک وہ اس اسلامی حکومت کے قوانین و احکام کے پابند ہیں جس میں زندگی بسر کرتے ہیں اور کوئی ایسا کام نہ کریں جو امان کے خلاف ہو تو ان کا وهی حکم ہے جو کافر ذمی کا ہے ۔

س۱۰۷۶۔ کیا کوئی مسلمان اسلامی یا غیر اسلامی ممالک میں کسی اهل کتاب یا غیر اهل کتاب کافر مرد یا عورت کو اپنی ملکیت بناسکتا ہے ؟

ج۔ ملکیت بنانا جائز نہیں ہے لیکن جنگی قیدیوں کا فیصلہ جب بالفرض کفار نے اسلامی شهروں پر حملہ کیا ہو ، حاکم اسلام کے ہاتھ میں ہے اور عامہ مسلمین کو اس کا حق نہیں ہے ۔

س۱۰۷۷۔ اگر ہم یہ فرض کریں کہ اسلام ناب محمدی کی حفاظت ایک محترم النفس انسان کے قتل پر موقوف ہے تو کیا ہم اسے قتل کرسکتے ہیں ؟

ج۔ محترم نفس کا خون ناحق بهانا شرع کے لحاظ سے حرام اور اسلام ناب محمدی کے احکام کے خلاف ہے ،اس بنا پر ایسا قول بے معنی ہے کہ اسلام ناب محمدی کا تحفظ ایک نیک شخص کے قتل پر موقوف ہے لیکن اگر خون بهنے سے یہ مراد ہو کہ مکلف نے جهاد فی سبیل اللہ اور اسلام ناب محمدی کے دفاع کے لئے ان حالات میں قیام کیا ہے جن میں اس کے قتل کا احتمال ہو ، تو اس کے مختلف پهلو ہیں ،پس جب مکلف یہ محسوس کرے کہ مرکز اسلام خطرہ میں ہے تو اس وقت اس پر واجب ہے کہ وہ اسلام کا دفاع کرنے کے لئے قیام کرے اگرچہ اس میں اسے اپنے قتل ہوجانے کا خوف هی ہو۔

Source URL:

https://www.al-islam.org/%D8%A7%D8%B3%D8%AA%D9%81%D8%AA%D8%A7%D8%A1%D8%A7%D8%AA-ayatullah-sayyid-ali-khamenei/%D8%A8%D8%A7%D8%A8-%D9%A7